سوال

(18)کیا ستر سال سے زائد عمر کی بیوہ نیا نکاح کر سکتی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جس عورت کی عمر ستر (70) سال سے زائد ہو چکی ہو اور اس وقت اس کا شوہر فوت ہو جائے تو کیا وہ کسی اور مرد سے شادی کر سکتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس کے لیے کسی اور مرد سے شادی کرنا جائز ہے خواہ اس کی عمر اس سے بھی متجاوز ہو کیونکہ اصل نکاح کا جواز ہی ہے جب تک کوئی ایسی دلیل نہ مل جائے جو اس اصل سے پھیر دینے والی ہو، البتہ اس عورت کے لیے عدت وفات پوری کرنے کے بعد ہی کسی اور سے شادی کرنا جائز ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح و طلاق

سلسلہ فتاویٰ عرب علماء 4

صفحہ نمبر 57

محدث فتویٰ